تربت (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم نے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کردیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام بچوں کو ویکسین پلانا لازم ہے تاکہ انہیں اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکے انہوں نے کہا کہ تمام یوسی ایم اوز اور ایریا انچارجز مہم کے دوران اپنی فرنٹ لائن ٹیموں کے ساتھ موجود رہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے کہا کہ پولیو سے نجات کا واحد ذریعہ بچوں کو بروقت پولیو کے قطرے پلانا ہے انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر ملک کو پولیو سے پاک کرنا ہوگا تاکہ ہماری نسلیں عمر بھر کی معذوری سے بچ سکیں ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز مکران ڈویژن ڈاکٹر محمد اسلم آزاد بلوچ نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے لازمی پلائیں محکمہ صحت کیچ کے ترجمان نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مہم کے دوران 93667 بچوں کو پولیو سے بچاؤ اور وٹامن اے کے قطرے پلائے جائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## قلات مددگار ہیلپ لائن 1960 کا افتتاح، مقصد عوام کی مدد کرنا ہے، کمشنر

**ہائی ویز پر سفر کرنے والوں کی قلات مددگار ہیلپ لائن پر رابطے کے بعد ایمرجنسی کی صورت میں مدد کی جاسکے گی، نعیم خان بازئی**

**قلات مددگار ہیلپ لائن 24 گھنٹے فعال اب ایمرجنسی کی صورت میں عوام و مسافر کال کرکے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، افتتاحی تقریب سے خطاب**

خضدار (خ ن) خضدار میں قلات مددگار ہیلپ لائن "ون نائن سکس زیرو" کا باقاعدہ آغاز، شہری ایمرجنسی کی صورت میں ہیلپ لائن 1960 پر کال کرکے مدد حاصل کرسکیں گے، وسیع و عریض اضلاع پر مشتمل ڈویژن کے عوام اور ہائی ویز پر سفر کرنے والے راہگیر مسافروں کی قلات مددگار ہیلپ لائن پر رابطے کے بعد کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں مدد کی جاسکے گی، ہیلپ لائن کی افتتاحی تقریب سی آر سی خضدار .......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کی عمارت میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خاص کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی تھے تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جب کہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض محمد نعیم رخشانی نے انجام دیئے اس موقع پر قومی ترانہ پڑھا گیا قومی ترانے کے موقع پر شریک مہمان اپنی نشستوں سے احتراماً کھڑے ہوئے

## سالانہ سبی میلہ 13 فروری سے 17 فروری تک تقاریب جاری رہیں گی

**صوبائی حکومت کی ہدایت پر صدر پاکستان وزیر اعظم سمیت دیگر مہمانوں کو دعوت دی جائے گی**

**سبی کا میلہ اور مویشی منڈی ایک تاریخی روایت ہے، کمشنر سبی ڈاکٹر زاہد شاہ کی افسران سے گفتگو**

سبی (اے این این) کمشنر سبی ڈویژن ڈاکٹر سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ سبی میلہ مویشیاں واسپاں کھیل تماشے کا نام نہیں بلکہ صدیوں پرانی روایات کا امین ہے میلہ کی شان و شوکت میں اضافہ مال مویشیوں کی خرید و فروخت زرعی و صنعتی نمائش ہے سبی کا روایتی میلہ بلوچستان میں بسنے والے تمام لوگوں کے مابین اتحاد و اتفاق اور محبت کے فروغ کا باعث بنتا ہے تو دوسری جانب لائیو اسٹاک کی ترقی ملکی معیشت کو تقویت ملتی ہے میلہ مویشیاں واسپاں کے کامیاب انعقاد ہماری سب کی مشترکہ ذمہ داریاں ہے صوبائی حکومت کو سبی میلہ کے انعقاد کے لئے 13 فروری سے 17 فروری کی تاریخ دیدی گئی ہے صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں سبی میلہ کا انعقاد یقینی بنائیں گے صدر پاکستان وزیراعظم سمیت دیگر مہمانوں کو دعوت دی جائے گی تاکہ میلہ میں مہمان نوازی کی روایات کو بھی برقرار رکھا جاسکے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے جیسے ہی احکامات ملیں گے سبی میلہ شایاں شان انداز سے شروع کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ، سبی پریس کلب کے صدر حاجی سعید الدین طارق، سینئر نائب صدر میر سلیم گشکوری سرپرست اعلیٰ میاں محمد یوسف، جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی، پی اے ٹو کمشنر ذیشان طاہر بھی موجود تھے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 07 FEB 2025 Page No. 17


## باغبانہ کی سڑکوں کی تعمیر کیلئے خطیر رقم منظور کرائی جائیگی، نواب زہری

**علاقے کے تمام مسائل اور مشکلات سے بخوبی آگاہ ہوں، میں اور میری ٹیم عوامی مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے**

**پولیس لائن خضدار کے واقعے سے کوئی تعلق نہیں، ملوث افراد کیخلاف قبائلی رسم ورواج کے مطابق سخت کارروائی کرونگا**

۔کراچی (این این آئی) کستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنماء سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف اف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کراچی میں پیپلز پارٹی تحصیل باغبانہ کے سینئر رہنماء یوسی چیئرمین بابو الٰہی بخش زہری چیف جلیل احمد زہری افضل زہری نے ملاقات کی ملاقات میں رہنماؤں نے نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری کو صوبائی حکومت میں عوامی نمائندہ گی ملنے پر مسرت کا اظہار کیا اور نواب زہری کو مبارک بادی ملاقات میں رہنماؤں نے علاقائی مسائل اور دیگر مختلف باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو کی یوسی چیئرمین بابو الٰہی بخش زہری نے نواب ثناء اللہ خان زہری کو باغبانہ کے جملہ مسائل بالخصوص اندرونی شہر لنک روڈز کی خستہ حالی امن و امان کی صورتحال اور دیگر عوام کو درپیش حل طلب مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر نواب ثناء اللہ خان زہری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ باغبانہ کے عوام میرے دل کے بہت قریب ہیں، میں ان کے تمام مسائل اور مشکلات سے بخوبی اگاہ ہوں میں اور میری ٹیم باغبانہ کے عوام کے تمام مسائل اور مشکلات کو کم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد انشاء اللہ باغبانہ کی تمام سڑکوں کی تعمیر کے لیے خطر رقم منظور کرائیں گے اور تمام لنک روڈز کو دوبارہ کارپیٹنگ کیا جائے گا سمبان ٹو محمودانی اور محمودانی ٹو رادھانی اور رادھانی ٹو سبزل خانزئی باجوئی اور سبزل خانزئی باجوئی ٹو چلکو قومی شاہرہ تک تمام لنک روڈز کو از سر نو تعمیر کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ مجھے سڑکوں کی خستہ حالی کا علم ہے میں نے الیکشن کے دوران اپنے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ میں باغبانہ کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروں گا اس کے لیے منصوبہ بندی جاری ہے عوام کو جلد خوشخبری سنائیں گے۔

## حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے لائحہ عمل دے، ڈاکٹر مالک

**بند کمرہ اجلاس میں حکومت اپنی بات کرے، ہم اپنی بات کریں، تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیے، اسمبلی میں خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے لائحہ عمل دے، یہ مسئلہ کس طرح حل کیا جائے گا، بحث برائے بحث تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیے ۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے معروضی حالات کا بخوبی علم ہے، پیر کو ہونے والے ان کیمرہ اجلاس میں حکومت بریفنگ دینے کے ساتھ آئندہ کا لائحہ عمل بھی دے، اس وقت لوگ سڑکوں پر سفر نہیں کر سکتے، آئے روز شاہراہیں بند ہوتی ہیں، حکومت لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے بھی لائحہ عمل لائے کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ کس طرح حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں نہ صرف حکومت اپنی بات کرے ہم بھی اپنی بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر اہلکار تعینات ہوتے ہیں لوگ وہاں آ کر ان سے اسلحہ لے جاتے ہیں اور حکومت ہر واقعے کے بعد لیویز اہلکاروں کو معطل کرتی ہے، یہ سلسلہ رہا تو میں دعوے سے کہتا ہوں ایک سال بعد تمام لیویز اہلکار معطل ہوں گے۔ انہوں کہا کہ بحث برائے بحث تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیے حکومت وے فارورڈ کے ساتھ آئے کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو کیسے ایڈریس کیا جائے تاکہ راستے بند نہ ہوں۔

## بلوچستان اسمبلی، حکومتی رویئے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ، کورم ٹوٹ گیا

**میرے حلقے میں مداخلت جاری، ایک سالہ حکومتی کارکردگی سامنے لائی جائے، یونس عزیز زہری**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن کا حکومتی رویئے کے خلاف احتجاج، ایوان سے واک آوٹ، حکومتی ارکان اپوزیشن اراکین کو منا کر ایوان میں واپس لے آئے۔ جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی ایک سالہ کارکردگی سامنے لائی جائے، اس ضمن میں ہاؤس آف ہولڈ کا اجلاس طلب کر کے محکمہ صحت، تعلیم، امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی جائے انہوں نے کہا کہ میرے حلقے میں مداخلت ہو رہی ہے مجھے معلوم نہیں وہاں کا ڈی ایچ او کون ہے، محکمہ تعلیم کے حوالے سے میں نے مراسلہ ارسال کیا [illegible] تین ماہ گزرنے کے باوجود اس کا جواب مجھے موصول نہیں ہوا، محکمہ زراعت کا ایک بھی بلڈوزر وہاں نہیں جبکہ اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، میرے حلقے میں ایک دن میں ایک پوسٹ پر تین ایکسین کے آرڈر جاری اور تبادلہ ہوئے۔ ایسا کوئی دن نہیں جب کوئٹہ کراچی شاہراہ بند نہ ہو، گزشتہ روز شاہراہ کی بندش کے حوالے سے میں نے آئی جی پولیس سے رابطہ کیا تاہم انہوں نے جواب نہیں دیا، ایک ڈپٹی کمشنر اب تک ضلع کو سمجھ نہیں پاتا کہ اس کا تبادلہ کر دیا جاتا ہے، ہر محکمہ میں افسران سے پیسے لے کر تعیناتی کے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے دیگر ارکان کے حلقوں میں بھی یہی صورتحال ہے حکومتی رویئے کے خلاف ایوان سے واک آوٹ کرتے ہیں جس کے بعد اپوزیشن اراکین نے اجلاس سے واک آوٹ کیا، اپوزیشن ارکان کے واک آوٹ کے باعث کورم ٹوٹ گیا، اس موقع پر کورم کی گھنٹیاں بجائی گئیں بعد ازاں حکومتی ارکان اپوزیشن اراکین کو منا کر واپس لے آئے، جس کے بعد اجلاس دوبارہ شروع ہوا۔

## مصور کاکڑ کی عدم بازیابی لمحہ فکریہ ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

**تقریب سے خطاب، پی ٹی آئی دفتر پر چھاپہ قابل مذمت ہے، صوبائی بیان**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ مصور کاکڑ 15 نومبر سے لاپتہ ہے جبکہ حکمران، ادارے، سیکورٹی فورسز، عدلیہ اور پارلیمنٹ صرف تسلی و صبر پر گزارہ کر رہے ہیں جس کی وجہ سے خاندان کی پریشانی میں بدترین اضافہ ہو رہا ہے وزیر اعلیٰ، کور کمانڈر اور آئی جی سب ملکر مصور کاکڑ و لاپتہ افراد کو بازیاب کریں اگر مصور کاکڑ نام نہاد وی آئی پیز وزیر اعلیٰ کور کمانڈر آئی جی کا بیٹا ہوتا تو کب کا بازیاب ہو چکا ہوتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل صرافہ ایسوسی ایشن کے صوبائی دفتر میں صرافہ برادری سے ملاقات و تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صرافہ ایسوسی ایشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری نعیم رمضان صراف، عادل داؤد صراف راجپوت، محمد حسین صراف تاجروں کے رہنما اور عبدالمجید سربازی بھی موجود تھے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ اداروں مقتدر قوتوں سب کو معلوم ہے کہ اغوا کار، شرپسند کہاں رہتے ہیں احتجاج کے وقت اداروں اور حکمرانوں نے دس دن میں بازیاب کرانے کا وعدہ کیا تھا مگر اب تک عمل درآمد نہیں ہو سکا جو لمحہ فکریہ ہے۔

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 07 FEB 2025 Page No. 19

## کوئٹہ: فائرنگ کے واقعات میں 2افراد جاں بحق، ورثاء کا جناح روڈ پر احتجاج

**گل احمد کو دکان میں نشانہ بنایا گیا، ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ، پیر محمد روڈ پر چوکیدار پر فائرنگ کی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں فائرنگ کے دو واقعات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے، پولیس کے مطابق رئیسانی روڈ کا رہائشی گل احمد مغل ولد میر عالم مغل گزشتہ روز رئیسانی روڈ پر اپنی گاڑی میں اکیلا بیٹھا ہوا تھا کہ دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے، فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی بعد ازاں ورثا نے لاش سول ہسپتال کے سامنے جناح روڈ پر رکھ کر احتجاج کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کے باعث ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو گیا، تاہم پولیس کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کر دیا گیا جبکہ قائد آباد پولیس کے مطابق پیر محمد روڈ پر واقع نجی تعمیراتی کمپنی کی پارکنگ کا چوکیدار فضل کریم جمعرات کی شب عشاء کی نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد سے واپس جارہا تھا کہ دو نامعلوم افراد نے اس پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

## قلعہ عبداللہ: بجلی کی تار برآمد ہونے پر ایک شخص کیخلاف کارروائی

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ شہیک حیات بلوچ کی ہدایت پر لیویز تھانہ جنگل پیر علیزئی کے انچارج محمد عیسیٰ دفعدار اور ہیڈ محرر خلیل الرحمٰن نے لیویز کے ہمراہ جنگل بازار میں ایک شخص جانان کے گھر پر چھاپہ مار کر بجلی کی 11 ہزار لائن کی تار برآمد کر کے کارروائی شروع کردی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں تخریب کاری کی کوشش ناکام، چمن و پشین سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

**چمن میں کالعدم تنظیم کے ٹھکانے سے اینٹی پرسنل مائنز، راکٹ، گرنیڈ لانچر برآمد، سیفٹی پن اور سامان قبضے میں لے لیا**

**پشین میں واقع ڈی سی کمپلیکس کے باہر تخریب کاری کی غرض سے دیسی ساختہ نصب بم ناکارہ بنا دیا گیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بناتے ہوئے پاک افغان سرحدی شہر چمن سے اسلحہ اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ سیکورٹی فورسز کے ذرائع کے مطابق جمعرات کو سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر پاک افغان......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سرحدی شہر چمن کے علاقے گلدار باغیچہ میں کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم کے ٹھکانے پر چھاپہ مار کر وہاں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا جس میں اینٹی پرسنل مائنز، راکٹ لانچر، گرینڈ لانچر برآمد، پرائما کارڈ، سیفٹی پن اور سامان قبضے میں لے لیا جو نامعلوم دہشت گردوں نے تخریب کاری میں استعمال کرنے کیلئے وہاں چھپا رکھا تھا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ سیکورٹی فورسز مزید کارروائی کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## حب، مسلح افراد کی فائرنگ، رکشہ ڈرائیور قتل، ملزمان فرار

**واقعہ دارو ہوٹل کے قریب پیش آیا، مقتول اظہار کی نعش ورثاء کے حوالے**

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر کے قریب دارو ہوٹل کے مقام پر نامعلوم مسلح لٹیروں نے فائرنگ کر کے رکشہ ڈرائیور کو قتل کر دیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب نعش حب اسپتال منتقل، ضروری کاروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی مقتول حب کے علاقہ جام کالونی مشکے پاڑہ کا بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

رہائشی تھا، پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کردی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ بدھ اور جمعرات کے درمیانی شب عدالت روڈ سے پسنجر بن کر رکشہ میں سوار ہونے والے نامعلوم مسلح افراد نے دارو ہوٹل کے قریب رکشہ ڈرائیور کو لوٹنے کی کوشش کی تاہم مزاحمت کرنے پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے 35 سالہ اظہار ولد پیر بخش نامی رکشہ ڈرائیور کو قتل کر کے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر ایدھی ریسکیو ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچ کر نعش حب اسپتال منتقل کردی اور ضروری کاروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی مقتول حب کے علاقہ جام کالونی مشکے پاڑہ کا رہائشی تھا جبکہ پولیس نے واقعہ کی تحقیقات اور ملزمان کی تلاش شروع کردی واضح رہے کہ گزشتہ چند دنوں میں بھوانی اور دارو ہوٹل کے قریب 4 سے زائد افراد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا حب شہر اور ملحقہ علاقوں میں قتل و غارت گری کے بڑھتے واقعات نے شہریوں کو خوف میں مبتلا کر دیا ہے۔

## کوئٹہ میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، نجی کمپنی کا چوکیدار قتل

**واقعہ پیر محمد روڈ پر پیش آیا، مقتول کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پیر محمد روڈ پر مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے نجی کمپنی کا چوکیدار جان کی بازی ہار گیا ہے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ میں پیر محمد روڈ پر مسلح موٹر سائیکل سوار افراد نے اس وقت نجی کمپنی کے چوکیدار پر فائرنگ کی جب وہ بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

نماز کی ادائیگی کے بعد گھر جا رہے تھے گولیاں لگنے سے چوکیدار موقع پر جاں بحق ہو گئے جن کی نعش کو ضابطے کی کارروائی کے لئے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 07 FEB 2025 Page No. 20

## پنجگور: بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، ناقص وولٹیج، آنکھ مچولی

**ٹرانسفارمرز کا جلنا معمول بن گیا، غریب عوام مرمت کے اخراجات سے قاصر، اقدامات کئے جائیں، عوامی حلقے**

پنجگور (نامہ نگار) بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری، عوام کو پانی کے حصول میں دشواری کا سامنا، بیشتر علاقوں کے ٹرانسفارمرز اوورلوڈنگ اور بجلی کی آنکھ مچولی کے باعث جل کر خراب ہوچکے ہیں ایک ٹرانسفارمر کی مرمت کیلئے دو لاکھ روپے تک خرچہ آتا ہے جس کی وجہ سے غریب عوام کئی ماہ تک بجلی سے محروم رہتے ہیں 24 گھنٹے میں صرف تین یا چار گھنٹے بڑی مشکل سے بجلی فراہم کی جاتی ہے اس دوران بھی آنکھ مچولی اور ناقص وولٹیج کا سلسلہ جاری رہتا ہے جس سے عوام کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا اکثر ٹرانسفارمرز کا جلنا اور خراب ہونا معمول بن گیا ہے کیسکو کی طرف سے کوئی اقدام نہیں کیا جاتا غریب صارفین مرمت کا خرچہ برداشت کرنے سے قاصر ہیں عوامی حلقوں نے صوبائی اور وفاقی حکومتوں سمیت کیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پنجگور میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اور ٹرانسفارمرز کی مرمت کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔

MASHRIQ QU...

## نواں کلی کی قدیم شاہراہ کی تعمیر کو کوئٹہ خوبصورتی پروجیکٹ میں شامل کیا جائے، مکینوں کا مطالبہ

**الیکشن مہم کے دوران سابق سپیکر نے ووٹ لینے کے لیے گلی محلوں کی سڑکیں بنوائی مگر مین روڈ کی مرمت نہیں کرائی گئی**

**2022 کے سیلاب میں ٹوٹنے والے کلی شاہ عالم کے پل کی ابھی تک مرمت نہیں ہوسکی، معمولی بارش سے سڑکیں نالہ بن جاتی ہیں**

**پشتونستان چوک، گل باران چوک، آخری اسٹاف، مسجد قباء کے مقامات پر سڑک پر گہرے گڑھے بن چکے ہیں، معمولی بارش کے بعد سڑک سیلابی نالہ بن جاتی ہے،**

**وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ قدیم شاہراہ کی تعمیر و مرمت کیلئے احکامات جاری کریں، حاجی غلام سرور و دیگر کا مطالبہ**





کوئٹہ (ایریا رپورٹر) نواں کلی مین شاہراہ مختلف جگہوں پر ٹوٹ پھوٹ کا شکار، ناقابل سفر بن چکی، روزانہ لاکھوں لوگ پیدل اور گاڑیوں و موٹر سائیکلوں پر سفر کرتے ہیں گاڑیوں کے حادثات و واقعات بھی روز کا معمول بن چکا ہے، سڑک کو مکمل توڑ کر دوبارہ سے تعمیر کرائی جائے دکانداروں اور متعلقہ تاجروں کی، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت حاجی غلام سرور، حاجی آغا محمد، نثار احمد، گل احمد، نعمت اللہ، عادل خان اور دیگر متعدد دکانداروں اور رہائشیوں نے بتایا کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ جب سے رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے ہیں تب سے علاقے کا کوئی دورہ نہیں کیا الیکشن سے قبل بلند و بانگ دعوے تو کرتے رہتے تھے مگر اب علاقے میں نہ صرف سڑک بلکہ تمام بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں، مکینوں نے بتایا کہ کلی شاہ عالم پل 2022 کے سیلاب میں ٹوٹ چکا ہے اس پل کی تعمیر و مرمت کیلئے اب تک کسی ادارے نے اپنی زمہ داری ادا نہیں کی، جبکہ مین سڑک نواں کلی مختلف مقامات پشتونستان چوک، گل باران چوک، آخری اسٹاف، مسجد تحریک، مسجد قباء، ابن سینا سکول کے علاوہ دیگر مقامات پر انتہائی خستہ حال ہوچکی ہے، سڑک کے دونوں اطراف نالیاں تو موجود ہے مگر چھوٹی نالیاں ہونے کی وجہ سے معمولی بارش ہوتی ہے تو نالیوں کا پانی سڑک پر سیلابی نالے کی طرح بہتا ہے پر لہذا ہمارا مطالبہ ہے کہ سڑک کو توڑ کر نئے سرے سے دوبارہ تعمیر کرایا جائے کیونکہ یہ سڑک گزشتہ دس برس سے مرمت نہیں کرائی گئی نالیاں بھی بڑی بنائی جائیں تاکہ معمولی بارش سے بند نہ ہوں علاقہ مکینوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور دیگر اعلیٰ حکام سے قدیم شاہراہ کی تعمیر و مرمت کیلئے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated 07 FEB 2025 Page No. 21

## بلوچستان میں پولیومہم، کوئٹہ کے متعدد شہری قطرے پلانے سے انکاری، موذی مرض پھیلانے والے رعایت کے مستحق نہیں!

بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ میں متعدد شہریوں نے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکار کر دیا۔ کوئٹہ میں 90 افراد نے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے انکار کیا جن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 افراد گرفتار کر لیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے مطابق 60 انکاری والدین کو آمادہ کر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلوائے گئے ہیں۔ پولیو سے بچاؤ کے قطرے نہ پلانے والوں کو گرفتار کر کے جیل بھجوایا جائے گا۔ واضح رہے کہ بلوچستان میں پولیو کے حوالے سے ہائی رسک اضلاع کوئٹہ، چمن، پشین اور قلعہ عبداللہ سمیت صوبہ بھر میں انسداد پولیو مہم جاری ہے۔ انسداد پولیو مہم میں 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہم میں 11 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، انسداد پولیو مہم کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ گزشتہ سال صوبے سے پولیو کے 27 کیسز رپورٹ ہوئے تھے جبکہ اب بھی مختلف اضلاع کے ماحول میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ بلوچستان پولیو کے مرض کے لیے ہائی رسک ایریا ہے۔ پولیو کا شمار خطرناک ترین بیماریوں میں ہوتا ہے، جس سے بچے زندگی بھر کے لیے معذوری کا شکار ہو جاتے ہیں، اس بیماری سے بچاؤ کے لیے وقتاً فوقتاً پولیو مہم چلائی جاتی ہے۔ صوبہ بھر میں مہلک مرض پولیو کی وجہ سے ہر سال درجنوں بچے عمر بھر کی معذوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ کوئٹہ جو بلوچستان کا سب سے بڑا شہر اور دارالخلافہ ہے یہاں پولیو قطرے نہ پلانے کے واقعات رپورٹ ہو رہے ہیں جو خطرناک صورتحال کی نشان دہی کرتا ہے۔ پولیو ایک مہلک مرض ہے اگر والدین اپنے بچوں کو پولیو قطرے نہیں پلائینگے تو ان کے بچے عمر بھر کی معذوری میں مبتلا ہو جائینگے جو کہ اپنے ہی بچوں کے ساتھ بڑی زیادتی اور ظلم ہے جبکہ اس سے دیگر بچے بھی متاثر ہونگے۔ پولیو ایک متعدی اور وائرس سے پھیلنے والی بیماری ہے جو عام طور پر 5 سال تک کے بچوں کو متاثر کرتی ہے۔ پولیو کا وائرس ایک سے دوسرے شخص میں منتقل ہو سکتا ہے اور یہ پاخانے کے یا منہ کے راستے سے پھیلتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ پولیو وائرس آلودہ پانی یا خوراک کے ذریعے بھی پھیل سکتا ہے۔ جسم میں داخل ہونے کے بعد وائرس انسانی آنتوں میں پھلنا پھولنا شروع کر دیتا ہے جہاں سے یہ اعصابی نظام پر حملہ آور ہو کر فالج کا باعث بنتا ہے جو بچوں کو معذور کر دیتا ہے۔ پولیو ویکسین کے متعلق منفی پروپیگنڈے کے خلاف بارہا آگاہی مہم چلائی جاتی رہی ہے کہ اس کے کوئی نقصانات نہیں ہیں مگر اس کے باوجود بھی بعض والدین اس حساس بیماری کی وجوہات اور ویکسین کی افادیت کو مکمل نظرانداز کر دیتے ہیں، یہ صرف اپنے بچوں کے ساتھ ظلم نہیں بلکہ پورے معاشرے میں اس خطرناک موذی مرض کو پھیلانے کا سبب ہے جو قومی جرم ہے۔ کوئٹہ میں پولیو سے بچاؤ کے قطرے نہ پلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی احسن اقدام ہے تاکہ دیگر شہری اس جرم کے مرتکب نہ ہوں۔ بلوچستان کے تمام مکاتب فکر کو پولیو مہم کے حوالے سے حکومت بلوچستان کا بھرپور ساتھ دینا چاہیے بلوچستان ویسے بھی پولیو ہائی رسک خطے میں شمار ہوتا ہے یہاں ہر سال پولیو کیسز رپورٹ ہوتے ہیں جس کی ایک بڑی وجہ افغانستان سے لوگوں کی آمد ہے جن میں پولیو وائرس موجود ہوتا ہے۔ دوسری وجہ پولیو قطرے نہ پلانے والے لوگ ہیں، اس کے تدارک کیلئے ٹھوس اور ہنگامی اقدامات کے ساتھ موثر پلاننگ بھی ضروری ہے تاکہ بلوچستان کو پولیو فری بنایا جاسکے۔ پولیو مہم کی کامیابی کیلئے کسی طرح کی بھی نرمی نہ برتی جائے جو عناصر پولیو قطرے نہیں پلاتے منفی پروپیگنڈہ کرتے ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی ضروری ہے تاکہ ہمارے مستقبل کے روشن چراغ موذی بیماری کا شکار نہ ہوں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6 Dated: 07 FEB 2025 Page No. 23

# Balochistan's agri tax woes

The recent approval of the Balochistan Tax on Land and Agricultural Income Amendment Bill by the Balochistan Assembly has sparked significant concern, particularly among the province's already struggling farming community. While the government aims to increase revenue through revised tax slabs, critics argue that the move could cripple an agricultural sector already facing numerous challenges. The timing and nature of these reforms warrant closer scrutiny. Balochistan's agriculture sector is far from thriving. Farmers grapple with severe power shortages, inadequate irrigation facilities, and poor infrastructure, all of which hamper productivity. Additionally, climate change has exacerbated their plight, with prolonged droughts further reducing yields. In this dire context, the imposition of new taxes—particularly with steep rates—feels to many like an additional and unjust burden. The amended bill introduces a tiered tax system, with a maximum tax rate of 45% on agricultural incomes exceeding Rs 5.6 million annually and a super tax for incomes above Rs 150 million. While the intent may be to tax wealthier landowners, there is widespread concern that the burden will ultimately trickle down to smaller farmers. Ambiguities surrounding the definition of "agricultural income" and the methods for assessing it further complicate the issue. Many farmers work on small plots and rely on rain-fed agriculture, leading to highly variable and unpredictable earnings. Accurately determining their taxable income poses a significant challenge and raises fears of unfair or excessive taxation. The farming community's resistance to the new tax regime is understandable. Farmers argue that instead of imposing additional taxes, the government should focus on addressing the fundamental problems plaguing the sector. Improved infrastructure, reliable electricity, access to credit and modern farming techniques, and efficient water management are far more pressing needs than increased taxation. Farmers are calling for a review of the bill, urging the government to consider the devastating impact these taxes could have on their livelihoods and the province's food security. The government's need for revenue is undeniable. Balochistan faces major development challenges, and a stable financial base is essential to addressing them. However, a tax system that risks further destabilizing the agricultural sector may not be the best approach. The Balochistan government now has an opportunity to demonstrate its commitment to the province's farming community. Engaging in constructive dialogue with farmers, reconsidering the current tax framework, and prioritizing investments in agricultural development could pave the way for a more sustainable and prosperous future for both farmers and the province as a whole.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 07 FEB 2025 Page No. 24


## یوم یکجہتی کشمیر: نصیر آباد ڈویژن کے عوام کی بھرپور شرکت



تحریر: اختر مینگی

پانچ فروری کا دن ہر سال یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے اس دن کے منانے کا مقصد یہ ہے کہ کشمیری مسلمانوں کے ساتھ لازوال یکجہتی کا اظہار کیا جائے اور عالمی برادری کے سامنے بھارت کا سفاک اور مکروہ چہرہ عیاں کرکے کشمیر میں جاری مظالم کی جانب دنیا کی توجہ مبذول کرائی جاسکے بدھ کے روز بلوچستان سمیت ملک بھر کی طرح یہاں نصیر آباد ڈویژن میں بھی اس دن کی مناسبت سے خصوصی تقاریب اور سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا پاکستان روز اول سے کشمیری مسلمانوں کے حق خود ارادیت کے لیے ہر پلیٹ فارم سے آواز بلند کرتا آیا ہے پانچ فروری یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان کا بچہ بچہ بوڑھا بزرگ خواتین سب اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے حق میں سڑکوں پر نکل آتے ہیں تاکہ اقوام متحدہ تک پیغام دیا جائے کہ پاکستانی قوم اپنے بھائیوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کے لیے اپنی سیاسی سفارتی اخلاقی امداد کو جاری رکھے گی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر نصیر آباد ڈویژن میں بھی مختلف ریلیاں نکالی گئیں ان ریلیوں میں ضلعی افسران سیاسی و سماجی رہنماؤں سوشل ورکرز مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور بچوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرکے اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا شرکا نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے نعرے درج تھے تمام اضلاع میں ریلیاں اپنے متعلقہ روٹس سے ہو کر واپس ڈپٹی کمشنر دفاتر میں پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی ریلیوں کا مقصد اقوام متحدہ کے ضمیر کو جھنجھوڑنا تھا تاکہ اقوام متحدہ تک واضح طور پر پیغام دیا جائے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کشمیر پر کسی صورت قبضے کو قبول نہیں کیا جائے گا کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرکے پوری قوم نے یہ ثبوت دیا ہے کہ وہ اپنے نہتے بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں ان پر کیے جانے والے مظالم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے بھارت ایک دہشت گرد ملک ہے جو اپنی دہشت گردانہ کارروائیاں کرکے نہتے مظلوم کشمیریوں پر مظالم کے پہاڑ توڑ رہا ہے اور یہ بھارت کا مکروہ چہرہ پوری دنیا آج دیکھ رہی ہے بھارت وہ دہشت گرد ملک ہے جو اپنے ہی شہریوں پر حملے کروا کر دہشت گردی میں پاکستان کو بدنام کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے اور پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کی ہر محاذ پر سیاسی سفارتی اور اخلاقی مدد کرتا رہے گا کشمیر کا مسئلہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی تنازعہ ہے اور مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر امن ممکن نہیں، بھارت کشمیر پر زبردستی قبضے کے ذریعے کشمیری عوام کے حقوق کو پامال کرتے ہوئے بے گناہ کشمیری عوام پر ظلم و جبر جاری رکھے ہوئے ہے۔ لیکن اب بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے زیادہ دیر تک چھپا نہیں رہے گا کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرکے پوری قوم نے یہ ثبوت دیا ہے کہ وہ اپنے نہتے بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں ان پر کیے جانے والے مظالم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے ملک کے دیگر حصوں کی طرح بلوچستان میں بھی پانچ فروری کو عوام نے کثیر تعداد میں نکل کر کشمیری مسلمانوں سے بھرپور یکجہتی کا عملی اظہار کیا اور یہ ثابت کیا کہ بلوچستان کے لوگ بھی اپنے مظلوم کشمیری مسلمانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہماری دعائیں اور اخلاقی حمایت ان کے ساتھ ہے ان شاء اللہ بہت جلد کشمیر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔ شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے کیا خوب کہا ہے کہ

یاران جہاں کہتے ہیں کہ کشمیر ہے جنت
جنت کبھی کافر کو ملی ہے نہ ملے گی






**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 07 FEB 2025 Page No.



گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل اور جمعہ خان کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری و بلوچستان ریفارمز بزنس خواتین کو ایکسی لینس ایوارڈ دے رہے ہیں



کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل چیمبر آف سمال انڈسٹریز اینڈ بلوچستان ریفارمر کے زیر اہتمام بزنس ایکسی لینس ایوارڈ تقریب کے موقع پر رفوگل بڑیچ، ارسلان فیاض، ملک عرفان ودیگر میں ایوارڈ تقسیم کررہے ہیں

Century Express Quetta



کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل چیمبر آف سمال انڈسٹریز اینڈ بلوچستان ریفارمر کے زیر اہتمام بزنس ایکسی لینس ایوارڈ تقریب کے موقع پر حاجی رفوگل بڑیچ ارسلان فیاض، ملک عرفان، جاوید اقبال اعوان، حاجی حفیظ کاکڑ، عبدالخالق اچکزئی صلاح الدین خلجی، یاسمین نواب اور دیگر میں ایوارڈ تقسیم کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 07 FEB 2025 Page No.



ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ کی زیر صدارت صوبائی وزراء، بخت محمد کاکڑ، میر ظہور احمد بلیدی، راحیلہ حمید خان درانی، سردار فیصل خان جمالی، صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ اور اراکین صوبائی اسمبلی میر یونس عزیز زہری، فضل قادر مندوخیل، حاجی اصغر خان ترین، سید ظفر آغا اور مولانا ہدایت الرحمٰن اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں



اسلام آباد: صوبائی وزیر صادق عمرانی اور وزیر آبپاشی سندھ جام خان اجلاس میں تبادلہ خیال کر رہے ہیں



صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی اور پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر ظہور بلیدی اور رکن اسمبلی محمد صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں



صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں درابن میں شہید ہونیوالے لیویز اہلکاروں کی مغفرت کیلئے دعا کی جارہی ہے



صوبائی مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سیکرٹری ڈبلیو ڈی سائرہ عطاء سے محکمے کے امور پر تبادلہ خیال کر رہی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 07 FEB 2025 Page No.



آئی جی معظم جاہ انصاری پولیس گرائمر اسکول کی تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner